**21.09.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

-------------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ **Quad** گروپ بھارت بحرالکاہل خطے میں امن ، خوشحالی اور ترقی کیلئے کام کرنے کیلئے ایک اہم گروپ کے طور پر ابھرا ہے۔ وہ چوتھی میٹنگ میں شرکت کیلئے روانہ ہو چکے ہیں ، جو امریکہ کے شہر **Wilmington** میں ہوگی۔

☆ بھارت اور برازیل نے ایندھن اور باہمی تجارت کو بڑھانے کے سلسلے میں اپنا تعاون اور اشتراک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ جموں و کشمیر اسمبلی چناؤ کے دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔ **BJP** کے اعلیٰ رہنما امت شاہ پونچھ میں چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔

☆ موسمیات کے محکمے نے کل سے تین دن تک اڈیشہ میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ جاپان میں موسم کی پیشگوئی کے پیش نظر **Wajima** اور **Suzu** شہروں کے ہزاروں لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ محفوظ جگہوں پر چلے جائیں۔

☆ اور چنئی کرکٹ ٹسٹ میچ میں بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں چار وکٹ پر **287** رَن بناکر کھیل ختم کرنے کا اعلان کردیا ، اس طرح اس نے بنگلہ دیش کو جیت کیلئے **515** رَن کا ایک بڑا نشانہ دیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**REV PM US VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی **Delaware** میں **Wilmington** میں **Quad** رہنماؤں کی چوتھی سالانہ میٹنگ میں شرکت کیلئے روانہ ہوچکے ہیں، جو آدھی رات کے بعد شروع ہوگی۔ وزیر اعظم نے امریکہ کے تین روزہ دورے پر

روانہ ہونے سے پہلے اپنے ایک بیان میں کہا کہ وہ صدر بائیڈن، آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتونی اَلبانیز اور جاپان کے وزیر اعظم Fumio Kashida کے ساتھ Quad چوٹی میٹنگ میں ملنے کے منتظر ہیں۔ جناب مودی نے اپنے بیان میں یہ بھی کہا کہ بھارت بحرالکاہل خطے میں خوشحالی ، ترقی اور امن کیلئے ہم خیال ملکوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے ایک اہم گروپ وجود میں آیا ہے۔

یہ گروپ بھارت، آسٹریلیا، جاپان اور امریکہ پر مشتمل ہے اور اِن چاروں ملکوں نے بھارت بحرالکاہل خطے کو ایک کھلا اور آزادانہ خطہ بنانے کا تہیہ کررکھا ہے۔

صدر بائیڈن کے ساتھ اپنی میٹنگ کے بارے میں، جناب مودی نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں رہنما، بھارت اور امریکہ کے درمیان جامع عالمی کلیدی شراکت داری کے نئے اہم شعبوں کی شناخت کیلئے راہ ہموار کریں گے، جس سے دنیا بھر کے عوام کو فائدہ پہنچے گا۔ دونوں رہنما اِس کلیدی شراکت داری کا جائزہ بھی لیں گے۔

Quad چوٹی میٹنگ میں آب و ہوا میں تبدیلی سے لے کر اہم ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی سمیت بہت سے معاملات پر ممبر ملکوں کے درمیان تبادلۂ خیال ہونے کی امید ہے۔

وزیر اعظم امریکہ کے صدر کے علاوہ، Quad کے دوسرے رہنماؤں کے ساتھ بھی دو طرفہ میٹنگیں کریں گے۔

اِس مہینے کی 22 تاریخ کو وزیر اعظم نیویارک جائیں گے، جہاں وہ ہندوستانی برادری کے لوگوں سے ملیں گے۔ اپنے دورے کے آخری دن جناب مودی نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں Summit of The Future سے خطاب کریں گے۔ اِس چوٹی میٹنگ کا موضوع ہے: 'بہتر کل کیلئے متعدد حل'۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ چوٹی میٹنگ عالمی برادری کو بنی نوع انسان کی بہتری کیلئے ایک نقشۂ راہ فراہم کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔ x

## MODI - BJP

وزیراعظم نریندرمودی، ہریانہ اسمبلی انتخابات کے دوران ' میرا یوتھ سب سے مضبوط ' پروگرام کے تحت اس ماہ کی 26 تاریخ کو بی جے پی کارکنوں ، رضاکاروں اور حامیوں سے بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم ، نمو ایپ کے ذریعہ دوپہرساڑھے بارہ بجے کے قریب ان سے بات کریں گے۔ جناب مودی نے ان افرادسے اپنے سوالات اور تجاویز بھیجنے کے لئے کہا ہے۔ xx

## MIDDLE CLASS - 100 DAYS

مودی حکومت نے لگاتار تیسری مدت میں اقتدار میں آنے کے بعد اپنے 100 دن مکمل کرلئے ہیں۔ اس

مدت کے دوران، حکومت نے متوسط طبقے ، بنیادی ڈھانچے ، کسانوں ، خواتین اور نوجوانوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، پندرہ لاکھ کروڑروپے مالیت کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا ہے۔ حکومت نے ملک میں متوسط طبقے کو بااختیار بنانے کی غرض سے کئی اقدامات کئے ہیں۔ نریندرمودی حکومت نے متوسط طبقے کو اعلیٰ ترجیح دی ہے۔سات لاکھ روپے تک کی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہیں ہے ، جبکہ معیاری کٹوتی کو پچاس ہزارروپے سے بڑھاکر 75 ہزار روپے کئے جانے کے سبب کروڑوں ٹیکس دہندگان کو فائدہ ہورہا ہے۔ انکم ٹیکس ایکٹ کا جامع جائزہ لیا گیا ہے تا کہ اسے سادہ اور عوام دوست بنایا جاسکے۔

مودی حکومت نے یونیفائڈ پنشن اسکیم کے تحت 23 لاکھ ملازمین کے لئے 50 فیصد پنشن کو یقینی بنایا ہے۔ محکمہ دفاع کے ریٹائرڈ عملے اور ان کے کنبوں کی فلاح وبہبود کو یقینی بنانے کے مقصد سے، ایک عہدہ ایک پنشن اسکیم پرنظرثانی کی گئی ہے۔ متوسط طبقے کو راحت فراہم کرنے کی غرض سے سونے اورچاندی پر کسٹم ڈیوٹی کو کم کرکے چھ فیصد جبکہ پلاٹینم پر چھ اعشاریہ چارفیصدکردیا گیا ہے۔ پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت ساڑھے تین لاکھ مکانوں میں شمسی نظام نصب کیا گیا ہے۔ جس سے متوسط طبقے کی بجت میں اضافہ ہورہا ہے۔ صنعت کاری اورخود کے کاروبار کو فروغ دینے کے لئے مُدرا قرض کی حدکو دس لاکھ روپے سے دوگنا کرکے20 لاکھ روپے کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ پردھان منتری آواس یوجنا اربن کے تحت، ایک کروڑمکانوں کے لئے دو لاکھ تیس ہزار کے بقدر مرکزی حکومت کی سبسڈی کی منظوری دی گئی ہے۔

اس کے علاوہ پُنے، تھانے اور بنگلوروکے لئے30 ہزار 700 کروڑروپے مالیت کے میٹرو پروجیکٹوں کی بھی منظوری دی گئی ہے۔xx

## MAHA VISIT - AMIT SHAH

وزیر داخلہ اور BJP کے اعلیٰ رہنما امت شاہ منگل سے مہاراشٹر کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ BJP ، مہاراشٹر کے سربراہ Chandrashekhar Bawankule نے نامہ نگاروں کو یہ اطلاع دی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ منگل کو جناب شاہ ناگپور اور چھترپتی Sambhajinagar میں پارٹی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ 25 ستمبر کو جناب امت شاہ Nashik اورکولہا پور جائیں گے۔ x

## REV PURI - BRAZIL VISIT

بھارت اور برازیل نے باہمی فائدے کے خاطر توانائی کے شعبے میں موجودہ تعاون اور اشتراک کا جائزہ لیا ہے۔ دونوں ملکوں نے باہمی تجارت اور ایندھن ، خاص طور پر Bio Fuels کے میدان میں تعاون کا بھی جائزہ لیا۔ بھارت کے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر جناب ہردیپ سنگھ پوری جمعرات سے برازیل کے تین روزہ دورے پر

ہیں۔ برازیل کے کاموں اور توانائی کے محکمے کے وزیر Alexandre Silveira کے ساتھ جناب پوری کی بات چیت کے بعد جاری کئے گئے ایک مشترکہ بیان میں یہ جانکاری دی گئی ہے۔

میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے برازیل میں ہندوستانی کمپنیوں کی موجودگی بڑھانے کے طور طریقے تلاش کرنے سے اتفاق کیا۔

اس کے علاوہ دونوں وزیروں نے اثاثے بڑھانے کی غرض سے نئی سرمایہ کاری کے امکانات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔x

**J&K CAMPAGNING**

جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ اس مرحلے کے تحت چھ ضلعوں پر محیط 26 اسمبلی حلقوں میں اس مہینے کی 25 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل شام جموں پہنچے ہیں۔ وہ پونچھ، راجوری اور جموں اضلاع میں آج پانچ انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب امت شاہ کا کل ادھم پور مشرقی پارلیمانی حلقے میں نوشیرہ اور Majalta میں ریلیاں کرنے کا پروگرام ہے۔

BJP کے اعلیٰ رہنما جے پی نڈا اور راج ناتھ سنگھ آئندہ دنوں میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ کانگریس رہنما راہل گاندھی اور NCP کے لیڈر ڈاکٹر فاروق عبداللہ پیر کو انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ x

**MISHRA NDMA**

وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا نے بیمے سے متعلق سہولیات کو مختلف شعبوں اور اداروں تک توسیع دینے کی غرض سے ایک کلیدی نصب العین کی حمایت کی ہے۔ نئی دلی میں کُل آفات کے بندوبست کے متعلق قومی اتھارٹی NDMA کی ورک شاپ سے خطاب کرتے ہوئے، ڈاکٹر مشرا نے بھارت سمیت، دنیا بھرمیں قدرتی آفات کے واقعات میں اضافہ ہونے اور ان کی شدت کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے بیمے سے متعلق خطرات کی نشاندہی کرنے والے ماہرین اور ایک واضح قانونی فریم ورک کی ضرورت پر زور دیاہے۔ ڈاکٹرمشرا نے ''بیمے کے مختلف حل اور طریق کار'' نافذکرنے کی بھی تجویز پیش کی۔ xx

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آئندہ چند روز کے دوران ، ملک کے کئی حصوں میں اِکّا دُکّا مقامات پر

موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اوڈیشہ میں کل سے منگل تک شدید بارش کا امکان ہے۔ جبکہ ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں جمعرات تک موسلادھار بارش ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں بھی کہیں کہیں پیر سے جمعرات تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔××

## JAPAN RAIN

جاپان میں وسطی حصے کے دوشہروں کے تقریباً 30 ہزارافراد کو وہاں سے نکل جانے کے احکامات دئے گئے ہیں۔ اس سے پہلے محکمہ موسمیات نے وہاں شدید بارش کے سبب ایک بڑا سیلاب آنے کے بارے میں ایک وارننگ جاری کی تھی۔Wajima شہر کے تقریباً 18 ہزارافراد اور SUZU شہر کے 12 ہزارافراد سے کہا گیا ہے کہ وہ Honshu جزیرے میںIshikawa کے مقام پر پناہ لے لیں۔ جاپان کے محکمہ موسمیات نے موسلادھار بارش سے متعلق ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے۔ یہ اب تک کی سب سے اعلیٰ سطح کی چوکسی کا انتباہ ہے۔ سرکاری میڈیا کے مطابق وہاں بارہ دریاؤں میں طغیانی آگئی ہے۔ جبکہ کئی مقامات پرمٹی کے تودے کھسکنے کے بارے میں بھی چوکس رہنے کا اعلان کیا گیا ہے۔××

## REV CRICKET

بنگلہ دیش کے خلاف چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں جاری پہلے ٹیسٹ کے تیسرے دن، بھارت نے اپنی دوسری اننگز 287 رن پر ڈکلئیر کردی ہے جبکہ اس کے چار کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔ اس سے پہلے بنگلہ دیش کی پوری ٹیم، بھارت کے پہلی اننگز کے 376 رَن کے جواب میں ، اپنی پہلی اننگز میں محض 149 رَن پر آؤٹ ہوگئی تھی۔

اس طرح بھارت نے بنگلہ دیش کو جیت کیلئے 515 رَن کا بڑا نشانہ دیا ہے۔

بنگلہ دیش نے اپنی دوسری اننگز میں اب سے تھوڑی دیر پہلے تک بغیرکسی نقصان کے 38 رَن بنا لئے تھے۔x

## SL PREZ ELECTION

سری لنکا میں صدارتی انتخابات کے لیے ووٹنگ کا عمل جاری ہے۔ نویں Executive صدر کو منتخب کرنے کے لیے ایک کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔ صدر رانیل وکرما سنگھے اور اپوزیشن رہنما Sajith پریم داسا نے آج صبح سویرے اپنے ووٹ ڈالے۔ ووٹ ڈالنے کے بعد جناب وکرما سنگھے نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ جمہوریت کا تحفظ کیا جائے نہ کہ جمہوریت نظام کو ایک طرف کردیا جائے۔ جناب پریم داسا نے کہا

کہ جمہوریت کی جیت ہوگی اور انھوں نے سبھی سے پُرامن رہنے اور جمہوریت کا تحفظ کرنے کے لیے کہا۔ **13** ہزار چار سو پولنگ مراکز پر آج صبح سویرے سات بجے سے ووٹنگ شروع ہوئی ہے جو شام ساڑھے چار بجے تک جاری رہے گی۔ ووٹوں کی گنتی بعد میں شام کو شروع ہوگی۔**x**

☆☆☆